نفسِ المہموم

مولف

رئیس المحدثین آقائی شیخ عباس قمی اعلی اللہ مقامہ

مترجم

حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ سید صفدر حسین نجفی صاحب
اعلی اللہ مقامہ

پیش کش، سیّد محمّد شبیر عبّاس

ناشر
ولی العصر ٹرسٹ رتہ متہ، ضلع جھنگ

نام کتاب ـــــــ نفس المہموم

مؤلف ـــــــ آقائی شیخ عباس قمی اعلی اللہ مقامہ

مترجم ـــــــ علامہ سید صفدر حسین نجفی صاحب اعلی اللہ مقامہ

نظر ثانی ـــــــ مولانا بختیار الحسن سبزواری

پیش کش ـــــــ سید محمد شبیر عباس

سال طباعت ـــــــ بار اوّل ۱۹۹۰ء/بمطابق ۱۴۱۱ ہجری

تعداد ـــــــ ۵۰۰

مطبع ـــــــ

ہدیہ ـــــــ

ناشر ـــــــ ولی العصر ٹرسٹ رتہ متہ ضلع جھنگ

ـــــــ سٹاکسٹ ـــــــ

افتخار بک ڈپو (رجسٹرڈ) اسلام پورہ لاہور

کے ایک گروہ کی طرف اما بعد ہانی و سعید تمہارے خط لے کر آئے اور وہ دونو تمہارے آخری قاصد تھے اور میں نے معلوم کی سب وہ باتیں کہ جو تم نے بیان کی تھیں اور تم سب کی گفتگو یہ ہے کہ ہم امام و رہنما نہیں رکھتے آپ ہماری طرف آئے شاید خدا آپ کی وجہ سے ہمیں ہدایت اور حق پر جمع کر دے اور میں نے مسلم بن عقیل کو اپنے بھائی اور اپنے چچازاد اور میرے خاندان میں میرے نزدیک جو ثقہ شخص ہے تمہاری طرف بھیجا ہے اور اس کو حکم دیا ہے کہ وہ تمہاری حالت اور تمہاری رائے مجھے لکھے پس اگر اس نے مجھے لکھا کہ تم میں سے صاحبان عقل و خرد اور اہل فضل و اہل رائے و مشورہ کی رائے اسی طرح ہے کہ جیسے تمہارے قاصد کہتے ہیں اور جیسا کہ تمہارے خطوط میں میں نے پڑھا ہے تو بہت جلد میں تمہاری طرف آؤں گا۔ انشاء اللہ مجھے اپنی جان کی قسم کہ امام و رہبر نہیں مگر وہ جو کتاب خدا کے مطابق حکم کرے اور عدل و انصاف کو قائم کرے اور دین حق کا مطیع و منقاد ہو اور اپنے آپ کو رضائے خدا کا پابند کرے والسلام

اور حسین ابن علیؑ مسلم بن عقیل بن ابو طالب رحمۃ اللہ و رضوانہٗ علیہ کو بلایا اور انہیں قیس بن مسہر صیداوی اور عمارہ بن عبداللہ ارحبی کے ساتھ روانہ کیا اور انہیں خوف خدا اپنے کام کو مخفی رکھنے اور لطف و نرمی کرنے کا حکم دیا اور یہ کہ اگر لوگوں کو ایک دل استوار اور محکم دیکھیں تو آپ کو جلدی خبر دیں۔